بڑی حد تک تاریخی حقائق پر مشتمل ہے۔ مگر کہیں کہیں اس میں افسانہ کا رنگ غالب ہو گیا ہے مثلاً جہاں حضرت عثمان سے حضرت عبداللہ بن مسعود کے اختلافات کا ذکر کیا گیا ہے۔ تاہم مجموعی حیثیت سے کتاب بڑی عبرت آفریں، سبق آموز اور ولولہ انگیز ہے۔ لائق مترجم نے ترجمہ میں اصل کتاب کی ادبی حیثیت اور اس کی اسپرٹ کو قائم رکھنے کی کوشش کی ہے اور بڑی حد تک اس میں کامیاب بھی ہوئے ہیں جو ان کی مشاقی اور قدرت بیان کی دلیل ہے۔ آخر میں ڈاکٹر طٰہٰ حسین کے حالات و سوانح پر ایک باب بھی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مکتوبات مقدس ۔ مرتبہ سیّد محبوب صاحب رضوی سائز پوسٹر قیمت پچاس نئے پیسے۔ قیمت انگریزی ۷۵ پیسے۔ پتہ :- علمی مرکز دیوبند۔ (یو۔پی)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ۶ھ میں مصر، حبش اور بحرین کے حکمرانوں کے نام جو دعوت نامے بھیجے تھے خوش قسمتی سے وہ اپنی اصلی شکل میں محفوظ رہ گئے ہیں۔ سیّد محبوب صاحب رضوی جو حضورؐ کے مکتوبات و معاہدات پر ایک قابل قدر کتاب شائع کر چکے ہیں۔ اب انھوں نے مذکورہ بالا تینوں مکتوبات گرامی کے فوٹو الگ الگ اردو اور انگریزی میں ترجمہ اور ان کی مختصر تاریخ کے ساتھ بڑی آب و تاب اور اہتمام کے ساتھ شائع کئے ہیں۔ ان مکتوبات کو فریم کر کے گھروں میں رکھنا اور پڑھنا اور ان کی زیارت کرنا سب موجب خیر و برکت ہے۔

ایک سال کی جبری بندش کے بعد

تحریک اسلامی کا خادم

ماہنامہ "چراغ راہ" کراچی

یکم جولائی ۱۹۶۲ء

سے اعلاء کلمۃ الحق کے لئے اپنی پہلی اشاعت

آزادی نمبر

پیش کر رہا ہے

صفحات :- ۲۰۰ - قیمت :- ۲ روپے - منیجر چراغ راہ کراچی ۱